# اٹارنی آفیشل

ہمارے اس قانونی وعدالتی نظام میں سائلان کو انکے مقدمہ میں انصاف جلد از جلد فراہم ہوسکتا ہے اگر ہم اپنے اس نظام میں وقت کے مطابق ترمیم کریں گے اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا استعمال ہمارے عدالتی نظام میں ایک مثبت رول ادا کرسکتا ہے جس سے عوام کو انصاف کے حصول کے لیے مشکلات کا کم سے کم سامنا کرنا پڑے گا اور وہ گھر بیٹھے بھی انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے اپنے مقدمہ کی پیروی کر سکتے ہیں اور تمام قانونی وعدالتی کاروائی آن لائن نظام کے تحت ہونی چاہیے جس طرح دیگر ترقی یافتہ مما لک اپنے قانونی نظام کو وقت کے مطابق ترمیم کر کے درست کرتے جا رہے ہیں تا کہ ان کے شہریوں کو انصاف مہیا ہوسکے اسی طرح ہمارے ملک میں بھی لوگوں کو ہمارے عدالتی نظام پر تب ہی یقین ہوگا جب وہ نظام وقت کے تقاضوں کو پورا کر رہا ہوگا اور لوگوں کے لیے انصاف کے حصول میں آسانیاں پیدا کر رہا ہوگا۔ میرا اس موبائل ایپ اٹارنی آفیشل کو بنانے کا مقصد لوگوں کی مدد کرنا ہے اور کم چارجز کے ساتھ ان کو آن لائن اس ایپ کی مدد سے یہ سروس/ خدمات مہیا کرنا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے مقدمہ کی پیروی با آسانی کر سکتے ہیں اور اپنے مقدمہ میں عدالتی حکم کو بجالانے کے لیے کسی Attorney کو اس ایپ کے ذریعے منتخب کروا کر ان کے مقدمہ کی کاروائی میں خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس موبائل ایپ سے فریقین مقدمہ و وکلاء صاحبان اور انکے کلرک استعمال کر کے مقدمہ کو جلد

ازجلد اور مشکلات کا سامنا کیے بغیر ختم کروا سکتے ہیں۔

## اٹارنی آفیشل برائے فریقین مقدمہ

فریقین مقدمہ روزانہ کی بنیادوں پر ہمارے قانونی نظام میں مشکلات کا سامنا کرتے نظر آتے ہیں۔فریقین مقدمہ چاہتے ہیں کہ عدالت انکے مقدمہ کا فیصلہ جلد از جلد کر دے لیکن ہر کام کو کرنے کے لیے کچھ مراحل کا سامنا کرنا ہوتا ہے اسی طرح عدالت کو بھی کسی بھی مقدمہ میں فیصلہ کرنے کے لیے قانونی مراحل سے فریقین کو گزارنا ہوتا ہے تاکہ مقدمہ کے حقائق عدالت کے سامنے آسکیں اور انہیں فیصلہ دینے میں آسانی ہو۔بہت سے ایسے مقدمات بھی ہوتے ہیں جب میں ججز صاحبان کو پہلے دن ہی علم ہو جاتا ہے کہ یہ مقدمہ حقائق پر مبنی ہے یا نہیں لیکن ججز صاحبان کو قانون کے مطابق مقدمہ کے تمام مراحل کو پورا کروانا بمطابق قانون لازم ہوتا ہے اسکے بعد ہی وہ فیصلہ دے سکتے ہیں۔

فریقین مقدمہ با آسانی اس موبائل ایپ کے ذریعے اپنے مقدمہ کی کاروائی چاہے وہ مقدمہ میں دوسرے فریقین کو سمن / نوٹس کروانا ہو،مقدمہ کی مصدقہ **نقل** کو جاری کروانا ہو، کسی فریق کے خلاف اخبار اشتہار کروانا ہو،اپنے مقدمہ میں کوئی آرڈر **چیک** کرنا ہو یا اپنے مقدمہ کی آئندہ تاریخ پیشی **چیک** کرنا ہو وہ بہت کم سروس چارجز میں گھر بیٹھ کر خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

اٹارنی آفیشل کا مقصد آپ کی مقدمہ میں ایسی مدد کرنا ہے جس سے آپ گھر، آفس یا کسی

بھی جگہ بیٹھ کر اپنے مقدمہ کی پیروی Attorney مقرر کر کے کر سکتے ہیں جو آپکی جگہ آپ کے مقدمہ میں قانونی کروائی بمطابق عدالتی حکم بجا لائے گا، آپ کے مقدمہ کی کاروائی سے آپکو آگاہ کرے گا اور آپکو اگر کسی بھی قسم کی کوئی مصدقہ نقل درکار ہے تو وہ نقل بھی آپکے لیے تیار کروالی جائے گی پھر چاہے تو آپ خود اٹارنی آفیشل کے آفس سے وصول کر سکتے ہیں یا اپنے گھر ڈیلیوری کروا سکتے ہیں۔ اٹارنی آفیشل کے ذریعے آپکے مقدمہ کی کاروائی جلد از جلد ہو جائے گی آپ کے قیمتی وقت کی بچت ہو جائے گی اور آپ کا کام با آسانی ہو سکے گا۔

## اٹارنی آفیشل برائے وکلاء وکلرک وکلاء صاحبان

اس موبائل ایپ کے ذریعے وکلاء صاحبان اور ان کے کلرک کے لیے یہ آسانی ہے اس ایپ کے ذریعے اپنے مقدمات کی پیروی کر سکتے ہیں اور اپنے مقدمہ کی بابت مختلف قسم کے قانونی کام سا انجام دینے کے لیے خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ مقدمہ کو دائر کرنے سے لے کر کسی زیر سماعت مقدمہ میں کسی قسم کی کوئی درخواست دینے تک کی طرح کی مختلف خدمات اس ایپ کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## اٹارنی آفیشل سے رابطہ

آپ کو موبائل ایپ استعمال کرنے میں کسی بھی قسم کا کوئی مسلہ ہو یا کوئی شکایت ہو تو آپ آفیشل وٹس ایپ کے نمبر 3377772-306-92+ پر رابطہ کر سکتے ہیں۔